B.Ed/II Sem/ BBED202CCT/May 2017

دوسرا سمسٹر II Semester | بی۔ایڈ (ریگولر) B.Ed Regular | مئی 2017

پرچہ : تعلیم کی سماجیانہ بنیادیں

Paper - BBED202CCT : Sociological Foundations of Education

جملہ نشانات : 70 Maximum. Marks | Time : وقت : 3 Hrs گھنٹے

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختصر ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

## حصہ اول

**سوال : 1**

(i) سماجی سائنسداں (Social Scientist)، August Comte کا تعلق کس ملک سے ہے؟

A) فرانس B) برطانیہ C) جرمنی D) امریکہ

(ii) اصول سماجیات (The Principles of Sociology) کا مصنف کون؟

A) Emile Durkheim B) Herbert Spencer

C) Aristotle D) August Comte

(iii) سماجیات تعلیم (Sociology of Education) کے لحاظ سے ایک معلم سماجی تبدیلی کا کیا ہوتا ہے؟

A) Agent B) Leader C) President D) Follower

(iv) عام زبان میں ثقافت (Culture) کا کیا مفہوم ہوتا ہے۔

A) اعلیٰ لباس اور اعلیٰ مکان (Good Food & Good House)

B) اعلیٰ انداز اور فیشن (Good Style and Fashion)

C) شاندار ماضی اور درخشاں مستقبل (Good Past and Bright Future)

D) اعلیٰ اخلاق اور اعلیٰ ذوق (Good Manners and Good Taste)

(v) درج ذیل سماجیانے (Socialization) کی ایجنسیوں میں شامل نہیں ہے۔

A) خاندان (Family) B) ہمجولی (Peer Group) C) مذہب (Religion) D) امراض (Diseases)

(vi) تعلیم (Education) اور ثقافت (Culture)

A) متعلق ہیں لیکن ایک دوسرے کو متاثر نہیں کرتے B) غیر متعلق ہیں لیکن ایک دوسرے کو متاثر کرتے ہیں

C) متعلق ہیں اور ایک دوسرے کو متاثر کرتے ہیں D) غیر متعلق ہیں اور ایک دوسرے کو متاثر نہیں کرتے

P.T.O.

(vii) جدیدیت (Modernization) کا کیا مطلب ہے۔

A) ہر پرانی چیز کو رد کرنا  B) ہر مغربی چیز کو اختیار کرنا

C) ہر چیز کو اس کی اچھائی کی بنیاد پر پرکھ کر اختیار کرنا  D) ہر نئی چیز کو اختیار کرنا

(viii) ثقافت (Culture) کے تئیں، تعلیم کی کون سی تین ذمہ داریاں ہیں۔

A) تحفظ (Preservation)، ارسال (Transmission) اور فروغ (Promotion)

B) تحفظ (Preservation)، تبدیلی (Change) اور فروغ (Promotion)

C) تحفظ (Preservation)، تبدیلی (Change) اور بااختیاری (Empowerment)

D) تبدیلی (Change)، فروغ (Promotion) اور بااختیاری (Empowerment)

(ix) ہندوستانی سماج میں روایتی طور پر سماجی طبقہ بندی (Social Startification) کی بنیاد کیا ہے؟

A) مذہب (Religion)  B) زبان (Language)  C) علاقہ (Region)  D) ذات (Cast)

(x) RTE کا تعلق آئین ہند کی کس دفعہ سے ہے۔

A) 20A  B) 20 B  C) 21 A  D) 21 B

## حصہ دوم

2۔ سماجیات (Sociology) کا مفہوم بیان کرتے ہوئے اس کی وسعت (Scope) سے بحث کیجیے۔

3۔ ثقافت سے کیا مراد ہے؟ ثقافت (Culture) کی خصوصیات (Characteristics) سمجھائیے۔

4۔ سماج تبدیلی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ سماجی تبدیلی (Social Change) کے لیے ذمہ دار عوامل (Factors) کی وضاحت کیجیے۔

5۔ جمہوریت (Democracy) کا تصور (Concept) سمجھائیے اور اس کے اصول (Principles) بیان کیجیے۔

6۔ تعلیم امن (Peace Education) سے کیا مراد ہے؟ دور حاضر میں اس پر خصوصی زور کیوں دیا جا رہا ہے؟

7۔ سماجیانے (Socialization) سے کیا مراد ہے؟ اس کی کون کون سی ایجنسیاں ہیں؟ کسی دو ایجنسیوں پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

8۔ ثقافتی تکثریت (Cultural Plurism) سے کیا مراد ہے؟ ہندوستانی تناظر میں اس کی اہمیت وافادیت سمجھائیے۔

9۔ جدیدیت (Modernisation) سے کیا مراد ہے؟ جدیدیت کی صفات (Attributes) سے بحث کیجیے۔

## حصہ سوم

10۔ تعلیم (Education) میں مساوات (Equality) سے کیا مراد ہے؟ ہندوستانی تناظر میں انصاف (Equity) کیوں ضروری ہے؟

11۔ قومی یکجہتی (National Integration) سے کیا مراد ہے؟ اس کے فروغ (Promotion) کے لیے چند ٹھوس اقدامات (Steps) تجویز کیجیے۔

12۔ سماجیانے (Socialization) کے عمل (Process) میں معلم کے کردار (Role) سے بحث کیجیے۔

13۔ تعلیم پر ثقافت (Culture) کس طرح اثر انداز ہوتی ہے؟ آپ تعلیم کے ذریعے کس قسم کی ثقافت کو فروغ (Promote) دینا چاہیں گے

14۔ سماجی نقل و حرکت (Social Mobility) کسے کہتے ہیں؟ حصولِ تعلیم کے لیے کس طرح کی سماجی نقل و حرکت کا آپ مشاہدہ کرتے ہیں؟

☆☆☆